| | | |
|---|---|---|
| اُس ذات کو لغت ہی نہ ہی کچھ توصیف<br>ادراک سی عاجز ہے بشر وہ کیا ہے | باقی | پانیکو اُس کے امر ہے نہ تکلیف<br>بس کچھ بھی نہین ہے اسم و رسم تعریف |
| اللہ تجلی ظہورا الاسما<br>بالشمس کما تغنی جرم القمر | درد | ایاہ وجدنا بحضور الاسما<br>الخلق منور به نور الاسما |
| اللہ کی تجلی ہے ظہور اسما<br>خورشید سے جس طرح منور ہی قمر | باقی | ہمنے اُسے پایا بہ حضور اسما<br>یون خلق منور ہے بہ نور اسما |
| لا یوجد لا جاعل ولا مجعول<br>ادرکتہ وجودہ بلا شرط الشئے | درد | لا شئے ولا فاعل ولا مفعول<br>لا علتہ و سبحانہ ولا معلول |
| کیا پایا مین نہ جاعل ہی نہ ہی وہ مجعول<br>پایا ہے وجود اُسکا بے شرط شئے | باقی | نا شئے ہی نہ فاعل ہی نہ ہی وہ مفعول<br>علت ہی نہ اوسکی اسجگہ نا معلول |
| یارب اذا عرفت انت المعبود<br>ایاک وحدت کی الجمیع الاعیان | درد | انی سجدت حیث انت المسجود<br>یا من انت الوجود وانت الموجود |
| یارب تجھے پہچانا کہ تو ہے معبود<br>پایا ہی تجھی کو مینے سب اعیان مین | باقی | وہان مینے کیا سجدہ جہان ہی مسجود<br>ہے تو ہی وجود اور تو ہی موجود |

# نعت

| | | |
|---|---|---|
| خواہی کہ شود درد و جہانت بہبود<br>گر فہم کنی وگر نہ فہمی بے شک | درد | در بندگی رسول باشی بسجود<br>حق است ہمان ہرچہ پیمبر فرمود |
| کونین مین چاہتا ہی اگر اپنا بھلا<br>تو سمجھے یا نہ سمجھے باقی بے شک | باقی | رہ بندگی نبی سے سجدہ مین پڑا<br>حق ہی وہی جو کچھ کہ پیمبر نے کہا |

باید دانست کہ ہفت رباعی رالحاظ حمد و نعت اخذ کردہ برعنوان سرنامہ آوردہ شد باقی ہمہ رباعیات جناب خواجہ میر درد علیہ الرحمان و ترجمہ باقی ہیچمدان ازینجا حسب ترکیب نسخہ علم الکتاب جناب مغفور بودہ است

| | | |
|---|---|---|
| ساز سفرے اکابر آراستہ اند<br>اے درد تو ہم برائے تعظیم کنون | درد | باہم بر کاب گرچنین خواستہ اند<br>برخیز کہ اہل بزم برخاستہ اند |
| تیار سفر کا ہو گیا ہے اسباب<br>ای باقی کھڑا ہو تو بھی بہر تعظیم | باقی | اور قافلے والے ہین سبھی پا بر کاب<br>اٹھے ہین سب اہل بزم کر کے شتاب |
| در خلوت ما کہ رشک صد انجمن است<br>عالم آئینہ خانہ است و ما را | درد | با خویش زبان چو شمع گرم سخن است<br>ہر سو کہ اشارتست باخویشتن است |

| | | |
|---|---|---|
| اپنی خلوت میں حال کھلتا ہی ہمیں<br>اس آئینہ خانہ جہاں میں دیکھو | باقی | قال اپنی زبان سی شمع آسا ہی ہمیں<br>ہے اپنے ہی ساتھہ جو اشارا ہی ہمیں |
| از فیض تو ہر خزانہ معمور آمد<br>بخت سیہ است رخت ز عالم بربست | درد | وز لطف تو ہر غمزدہ مسرور آمد<br>ہر سایہ کہ زیر سایۂ نور آمد |
| رحمت سے ترے کوئی نہ مہجور رہا<br>بس بخت سیاہ اس کا معدوم رہا | باقی | ہر غمزدہ جان و دل سے مسرور رہا<br>جو سایہ کہ زیر سایہ نور رہا |
| ہستی و عدم خراب میخانہ اوست<br>چشم دل تو اگر حقیقت بین است | درد | امکان و وجوب مست پیمانہ اوست<br>ہر ذرہ خلق روزن خانہ اوست |
| ہستی و عدم اسی کا میخانہ ہے<br>گر دیدۂ دل تیرا حقیقت بیں ہو | باقی | امکان وجوب جس کا پیمانہ ہے<br>ہر ذرۂ خلق روزن خانہ ہے |
| فہمی تو اگر ظہور کونین ز کیست<br>نصب العین چو صبغۃ اللہ بود | درد | پیش تو برابر است چہ مرگ چہ زیست<br>معلوم کنی تلون عالم چیست |
| کس کا کونین ہے سمجھ لے مطلب<br>رنگ بیرنگ جب نظر میں آجائی | باقی | کیا مرگ ہی کیا زیست برابر ہیں سب<br>تب سمجھے گا نیرنگی عالم کا سبب |

| | | |
|---|---|---|
| گر باد نسیم مست بوئی تو گذشت<br>یارب چقدر ز خلق نزدیکتری | درد | در فصل بہار محو روی تو گذشت<br>ہر کس کہ ز خود گذشت سوی تو گذشت |
| ہے تیری ہی بو پر گزر باد صبا<br>مخلوق سے یارب ہے تو کتنا نزدیک | باقی | تیرے ہی طرف گلون کا موسم ہی گیا<br>جو اپنے سے گزرا ترے جانب گزرا |
| اے بہر شفاعت دو عالم لائق<br>بے شبہ ز خورشید حقیقت بجہان | درد | دارم ز جناب تو امید واثق<br>تو مخبر صادقی چو صبح صادق |
| تجھکو ہے دو عالم کی شفاعت لائق<br>خورشید حقیقت سی جہان مین بیشک | باقی | رکھتا ہون مین تجھ ہی سے امید واثق<br>صادق مخبر ہے مثل صبح صادق |
| زد شعلہ چو حسن دلفروزش خوانند<br>خلق است عبارت از ظہور خالق | درد | گل کرد چو نار عشق سوزش خوانند<br>خورشید چو جلوہ کرد روزش خوانند |
| جسکا جب حسن دلفروز اسکو کہین<br>ہے خلق عبارت ظہور خالق | باقی | بھڑکا جب عشق نار سوز اسکو کہین<br>خورشید کری جلوہ تو روز اسکو کہین |
| آن دل کہ ہمہ وقت بحق آگاہ است<br>در دیدۂ مردان اہل تحقیق | درد | خالی ز خیالات گدا و شاہ است<br>مصراع دگر ز بہر نیت اللہ است |

| | | |
|---|---|---|
| جو دل کہ ہے ماہیت حق سے آگاہ<br>اہل تحقیق کی نظر میں بے شک | باقی | سب اسکو برابر ہے گدا ہو یا شاہ<br>وہ مصرع ثانی ہے پے بیت اللہ |
| بحر ہستی کہ در خروش افتادست<br>یارب چه دمیست که بیخودی میخواہم | درد | از کشمکش عالم بجوشش افتادست<br>بار وجود جہان بر سر ہوش افتادست |
| دریائے حقیقت میں جو واقع ہی خروش<br>یارب تو مدد کر مجھے کر دی بیہوش | باقی | ہے کشمکش عالم سے ابھی سکا یہ جوش<br>کونین کا بار سر رکھتا ہی یہ ہوش |
| اے درد بصد رنگ اگر پیدا ایم<br>چون عکس نمود ما وجود دگری است | درد | اما مرآت ہستی یکتا ایم<br>ہر چند کہ ما ایم نگوئی ما ایم |
| ہر چند کہ سو رنگ سے پیدا ہیں ہم<br>یہ عکس نمود ہے وجود اور ہی کا | باقی | مثل آئینہ کے ہستی یکتا ہیں ہم<br>موجود ہیں گو نہ کہہ پیدا ہیں ہم |
| لوح امکان بود ز ہستی سادہ<br>الآن کما کان اگر در نظرست | درد | واجب ہمہ جا فیض وجودی دادہ<br>ممکن ز عدم پا بیرون ننہادہ |
| لوح امکان ہی سادہ ہستی ہی کیا<br>الآن کما کان کے معنی سمجھو | باقی | باقی ہے وجود فیض واجب ہر جا<br>ممکن نے عدم سے پاؤں باہر رکھا |

| | | |
|---|---|---|
| هر جا که ترا جلوه گری خواهد بود<br>در صفحهٔ امکان کلفت گر نبود | درد | دل در صد و پرده دری خواهد بود<br>باطل چون سطح جوهری خواهد بود |
| جس جا پہ تری جلوہ گری ہو کامل<br>گر صفحۂ امکان نہو تیری طرف | باقی | ہوگا مرا دل پردہ دری پر مائل<br>مثل سطح جوہری کے ہوگا باطل |
| باطل نبود جہان حکمت بنیاد<br>می خواست کہ بر خویش نظر بکشاید | درد | بیہودہ مداں کثرت نقش ایجاد<br>غیریت ما آئینہ در دستش داد |
| خالی نہین حکمت سے جہان آرائی<br>چاہا جب اوس نے اپنی صورت دیکھی | باقی | باطل نہین ایجاد کی کثرت بھائی<br>غیریت میری آئینہ دکھلائی |
| ادراک مرا دعوت پیدائی کرد<br>زین پیش نداشتم دماغ صحبت | درد | فریاد کہ رسوائی شناسائی کرد<br>علم است کہ این انجمن آرائی کرد |
| ادراک نے جب دعوت پیدائی کی<br>مجھکو تھا کہان دماغ صحبت پہلے | باقی | فریاد کہ پیدا و شناسائی کی<br>اس علم نے سب انجمن ارائی کی |
| اینجا کہ بلیہ تقید عام است<br>زندانی قید ہستیم چون طاؤس | درد | آزادگی اے درد خیال خام است<br>ہر نقش پرے کہ ہست چشم دام است |

| | | |
|---|---|---|
| دنیا مین بلا ہے تقید ہے عام<br>قید ہستی مین ہو نہین مثل طاؤس | باقی | باقی آزادگی ہے سودائی خام<br>جو نقش ہے اسکی ہو دیدۂ دام |
| مارا نبود گریز ازان کو کہ توئی<br>گو آئینہ وجہ تو باشد ہمہ خلق | درد | تو ہر سو دو کس نرفتہ آن سو کہ توئی<br>نتوان دیدن ترا ازان رو کہ توئی |
| جس کوچہ مین تو ہے نہین وہان اپنا گزر<br>سب خلق تری ذات کا کو آئینہ ہی | باقی | ہر سو مین ہو تو وہان نگہبا کوئی بشر<br>جو منہ ہی ترا دیکھہ نہین سکتی نظر |
| ہر چند چو شعلہ سرفرازی کردیم<br>ہر سرکشئی کہ بود آخر چون شمع | درد | یک عمر ہمان زبان درازی کردیم<br>دیدیم کہ صرف جان گدازی کردیم |
| گو شعلہ نما ہے سرفرازی اپنی<br>کیا حاصل سرکشی ہوا آخر کار | باقی | یک عمر رہی زبان درازی اپنی<br>ہے شمع کی طرح جان گدازی اپنی |
| از ہر بد و نیک چون خوش و شاد شدیم<br>یعنی دل را کہ باعث تفرقہ بود | درد | وارستہ ز خار و گل چو شمشاد شدیم<br>بستیم بہ زلف یار آزاد شدیم |
| ہر نیک و بد سے خوش ہوئی شاد ہوئے<br>تھا باعث تفرقہ ہمارا یہ دل | باقی | آزاد گل و خار سے شمشاد ہوئے<br>باندھا اسے زلف سے تب آزاد ہوئے |

| | | |
|---|---|---|
| گاہے سحر است و گاہ شام است اینجا<br>مانند شرر مشو زہستی غافل | درد | از کون و فساد انتظام است اینجا<br>در چشم زدن کار تمام است اینجا |
| روشن ہے کبھی سحر کبھی ظاہر شام<br>مانند شرر نکر غرور ہستی | باقی | اس کون و فساد کا بُرا ہی انجام<br>اک چشم زدن میں کام ہوتا ہی تمام |
| مطرب فانی و بزم و ساقی فانی<br>بردار دل از کثرت بی بود جہان | درد | با ہر کہ شدی آہ ملاقی فانی<br>اللہ بود و باقی و باقی فانی |
| مطرب فانی ہے بزم و ساقی فانی<br>اس دار فنا میں دل لگی خوب نہیں | باقی | تو جس سے ملا وہ ہے ملاقی فانی<br>اللہ ہے باقی اور باقی فانی |
| سر رشتۂ نظم ما و من برہم خورد<br>تا جمع نمودیم چو مژگان خود را | درد | چون گُل اوراق این چمن برہم خورد<br>اے درد ہزار انجمن برہم خورد |
| سر رشتۂ نظم ما و من برہم ہے<br>جبتک کہ کیا مثل پلک آپکو جمع | باقی | گل کی مثل ہر برگ چمن برہم ہے<br>ای باقی ہزار انجمن برہم ہے |
| ہر لحظہ درین خانہ کہ من می آیم<br>چون شعلہ کجا رسیدنم منظور است | درد | گم کردہ رہ شناختن می آیم<br>پیوستہ برون ز خویشتن می آیم |

| | | |
|---|---|---|
| معلوم نہین گھر سے کہان جاتا ہون<br>شعلہ کی طرح کہین پہونچنا ہوگا | باقی | بھولا ہوا رستہ ہون گھبراتا ہون<br>یون آپ سے باہر جو نکل آتا ہون |
| اے درد اگر صفائی جانے داری<br>دانم بہ محیط خویش و اصل گردی | درد | آئینہ حسن بے نشانے داری<br>چون سیل تو ہم طبع روانے داری |
| اے باقی اگر صفائی جان رکھتا ہے<br>دریا مین تو جا پہونچیگا سیلا کی مثل | باقی | آئینہ حسن بے نشان رکھتا ہے<br>تو بھی تو خود اک طبع روان رکھتا ہے |
| شخص انسان کہ شان اعظم دارد<br>لیکن نتوان یافت بہ بحر کونین | درد | دارد بخود آنچہ ہر دو عالم دارد<br>آن گوہر نایاب کہ آدم دارد |
| شخص انسان خلق اعظم مین ہے<br>بحر کونین مین ہے ملتا ہے کہان | باقی | اس مین جو ہے از دونون عالم مین ہے<br>وہ گوہر نایاب جو آدم مین ہے |
| در عجز نیاز کبریائیم ہمہ<br>با درد نشان بسان اکسیر ای درد | درد | در کسوت فقر باغنائیم ہمہ<br>خاکیم اگرچہ کیمیائیم ہمہ |
| ہین مظہر شان کبریا ہم درویش<br>اکسیر کے مانند سمجھ اے باقی | باقی | ہین فقر مین رشک اغنیا ہم درویش<br>گو خاک ہین پر ہین کیمیا ہم درویش |

| | | |
|---|---|---|
| خواہی کہ ہمہ راز آلہی فہمی<br>اے بے خبر از خویش چہ امکان داری | درد | چیزے کہ بروں ز فہم خواہی فہمی<br>اسرار آلہی تو کجا ہی فہمی |
| خواہاں ہے کہ اسرار آلہی سمجھے<br>اپنے ہی کو سمجھا نہیں کیا امکان سمجھے | باقی | آوے نہ سمجھ میں خواہ نخواہی سمجھے<br>اسرار آلہی کو کماہی سمجھے |
| ہر چند ہمہ بہ آبِ رنگ آمدہ ایم<br>تا کے بہ گرفتگی خاطر سازیم | درد | از شیشۂ دل زیر سنگ آمدہ ایم<br>چون غنچہ ز وضع خویش تنگ آمدہ ایم |
| گو باغ جہان میں شوخ رنگ آیا ہوں<br>کب تک یہ گرفتگی برنگ غنچہ | باقی | شیشہ کی طرح سے زیر سنگ آیا ہوں<br>آپ اپنی ہی وضع سے میں تنگ آیا ہوں |
| ہر چند کہ بر لب است حرف خندان<br>چون گل ہمہ مشق سینہ چاکیہا بود | درد | دل گہ نکشید لیک ظرف خندان<br>عمرے کہ نمودہ ایم صرفِ خندان |
| گو لب پہ رہا ہمیشہ حرف خندان<br>تہی مشق وہ گل کی سینہ چاکی کی مشق | باقی | دل کو نہوا میل بہ ظرف خندان<br>جو عمر کہ ہنسنے کی ہے صرف خندان |
| اطلاق و تقیید از چہ ممتاز جلی است<br>فہمیدہ بہ عمرو زید بنگر کاینجا | درد | در مرتبہ جمع ہمہ یک معنی است<br>جزئی است تخیل و بعقل کلی است |

| | | |
|---|---|---|
| اطلاق و تقیید نہیں دونوں مخفی<br>تو زید و عمر سے سمجھ اور دیکھ یہاں | باقی | ہیں مرتبہ جمع میں اک ہی معنے<br>جزئی ہے تخیل اور تعقل کلی |
| وحدت نظارہ باز یکتائی اوست<br>تنزیہہ تجرد و تقیید تشبیہ | درد | کثرت آئینہ دار پیدائی اوست<br>سلب و ایجاب صف رعنائی اوست |
| وحدت نظارہ باز یکتائی ہے<br>تنزیہ تجرد اور تقیید تشبیہ | باقی | کثرت آئینہ دار پیدائی ہے<br>سلب و ایجاب صف رعنائی ہے |
| آنانکہ بہ تحصیل نظر داشتہ اند<br>ہشدار کہ برگ و بار گل خواہد کرد | درد | خرمن خرمن ز علم انباشتہ اند<br>زین تخم کہ در مدرکہ ات کاشتہ اند |
| تحصیل و فضل ہے جنہیں مدنظر<br>پھولینگے پھلینگے اور لائینگے بہار | باقی | سینہ میں بھرا ہے انکی علم اور ہنر<br>وہ تخم جو بوئے ہیں یہی انکا ثمر |
| یک عمر قدم براہ افسانہ زدیم<br>المنۃ للہ کہ آخر اے درد | درد | یکچند در کعبہ و بتخانہ زدیم<br>در میکدہ آمدیم و پیمانہ زدیم |
| یک عمر حکایتیں تھیں اور افسانہ<br>المنۃ للہ کہ آخر باقی | باقی | یکچند حرم تھا ہم سے یا بتخانہ<br>ساقی ہی ہم ہیں مے ہی اور پیمانہ |

| | | |
|---|---|---|
| ہر چند نشد دل ز حقیقت آگاہ<br>یارب تو ز خود نشانہی یا نہی | درد | پائے طلبش ہست ہمان بر سر راہ<br>ما ئیم و ہمین نام تو اللہ اللہ |
| ہرگز نہ حقیقت سی ہوا دل آگاہ<br>تو اپنی نشانہی کرے یا نہ کرے | باقی | اوس کے ہین وہی پائے طلب بر سر راہ<br>ہم ہین یہ ترا نام ہے اللہ اللہ |
| کیفیت چشم تو بخاطر جا کرد<br>بر دل چو نظر فتاد از خود رفتم | درد | مستغنیم از کشمکش صہبا کرد<br>این شیشہ مگر نشہ ئی پیدا کرد |
| کیفیت چشم کی جو دل مین جا ہی<br>دل پر جو نگاہ کی تو سرمست ہوا | باقی | ساقی کس کو شراب کی پروا ہے<br>اس شیشہ مین خود نشہ ہی پیدا ہے |
| از حرص گر آستین فشاند دل ما<br>اے درد ہزار سلطنت مفت بود | درد | چون نشہ چہ عجب کہ حکم راند دل ما<br>جمعیت اگر بہم رساند دل ما |
| گر ترک کرے حرص ہمارا یہ دل<br>باقی کو ہزار سلطنت مفت ملے | باقی | ہو نشہ کی طرح سے حکمرانی حاصل<br>جمعیت دل اوس کو اگر ہو کامل |
| بر دوشش ہوا بستہ نفس محمل ما<br>حل ہمچو حباب گرچہ کردیم ولے | درد | حیف است کہ پیچیدہ موے درد دل ما<br>جز ہیچ نداشت در گرہ مشکل ما |

| | | |
|---|---|---|
| یہ کہتا ہے نفس ہوا یہ اپنا محل<br>مانند حباب حل ہو گئی گرچہ لیکن | باقی | ہے حیف کرے ہوس گر بنیاد دل<br>خیمہ ہیچ نہ ہستی گردمین کوئی مشکل |
| اے درد چہ گویم از چہ گویم با تو<br>او باطن محض گشتہ از فرط ظہور | درد | خود بیخبرم خبر چہ گویم با تو<br>ظاہر تر ازین دگر چہ گویم با تو |
| اے باقی بیخبر کہون کیا تجھ سے<br>ہے فرط ظہور سے حق باطن محض | باقی | ہے بیخبری اثر کہون کیا تجھ سے<br>ظاہر تر و گر کہون کیا تجھ سے |
| آن جلوہ کہ از طاق شعورم افگند<br>تا پردہ راز از قربیت نہ درد | درد | بر خرمن ہوش برق طورم افگند<br>نزدیک شد آن قدر کہ دورم افگند |
| وہ جلوہ جو چشم دید کا نور ہوا<br>پردہ اٹھا جو قربیت کا بس | باقی | غفلت سوزی کو شعلہ طور ہوا<br>نزدیک ہوا ایسا کہ مین دور ہوا |
| درد آن کہ از دگرمئی صد محفل بود<br>او بر سر تربتش سحبان آگاہ | درد | روزے دو سہ زین پیش درین منزل بود<br>کاین مشت غبار زمانے دل بود |
| وہ باقی فانی جو بڑا کامل تھا<br>اب خاک پہ اس کی جا کے عبرت دیکھ | باقی | وہ روز کے آگے رونق محفل تھا<br>ہے مشت غبار اب کبھی یہ دل تھا |

| | | |
|---|---|---|
| گر بودہ ام و دگر نبودم رفتم<br>درآئینہ وہم چو تمثال اے درد | درد | بال و پر جلوہ کشودم رفتم<br>روئے کہ نداشتم نمودم رفتم |
| مین تھا کہ نہ تھا ظہور پایا کہ چلا<br>یان آئینہ وہم مین تمثال مثال | باقی | پر کھول کے کچھ مزہ اڑایا کہ چلا<br>صورت جو نہ تھی اسے دکھایا کہ چلا |
| ہرچند کشد زمانہ کار خود را<br>از پائے فتادہ ایم چون سایہ ولے | درد | از دست مدہ تو اعتبار خود را<br>ہرکس نہ فگندہ ایم بار خود را |
| ہرچند کرین اہل جہان کار اپنا<br>سایہ کی طرح گری ہوئی ہین لیکن | باقی | کھوتا نہین اعتبار اے یار اپنا<br>ڈالا نہ کسی پہ ہمنے یہ بار اپنا |
| با اہل دل تندی خو پیدا کن<br>تا کے زہوا زنی بہ عزت آتش | درد | در گلشن سکینت نمو پیدا کن<br>درخاک نشین و آبرو پیدا کن |
| ساتھ اہل دل کے تندی خو پیدا کر<br>کب تک تو جلائیگا ہوا سی عزت | باقی | گلشن مین سکوت کی نمو پیدا کر<br>ہو خاک نشین تو آبرو پیدا کر |
| گر مست شبابیم و خراب شیبیم<br>ستار عیوب نیست جز پردۂ غیب | درد | در محو ہنر تمام صرف عیبیم<br>مشتاق لقائے پردہ پوش غیبیم |

| | | |
|---|---|---|
| گر مست شباب ہین کہ ہین خستہ شیب<br>مشتاق ہم اسکے ہین لقا کے باقی | باقی | ہین محو ہنر یا کہ ہین مصروف عیب<br>ستار عیوب ہے جو در پردہ غیب |
| شب زندہ نداشتی و مُردن نزدیک<br>دل غافل و مرگ پر قریب است آہ درد | درد | مانند سحر نفس شمردن نزدیک<br>گل خندہ و ہنگام فسردن نزدیک |
| بیمار ہون تجھ پہ رات بھاری ہے قریب<br>نزدیک ہے موت عقل سے باقی دور | باقی | مانند سحر نفس شماری ہے قریب<br>گل کھلتے ہین مرجھانیکی باری ہے قریب |
| بر جرم گر اعتراف خواہی کردن<br>یارب تو کریم و من گنہگار توام | درد | دل را ای درد صاف خواہی کردن<br>دانم آخر معاف خواہی کردن |
| مجرم ہون اعتراف کرتا ہون صاف<br>یارب تو کریم ہے گنہگار ہون مین | باقی | کیا منہ ہے جو چاہون مین کچھ اپنا انصاف<br>تقصیر معاف ہوگی تقصیر معاف |
| اندیشہ اگرچہ پیش و پس میگردد<br>نے ہیچ کسے شریک ہستی باشد | درد | در خویش بدل بہر نفس میگردد<br>ہستی نہ شریک ہیچکس میگردد |
| گردش سے پیش و پس کی ہے یہ ہستی<br>ہستی نہ کسی اپنے کرتی ہے شریک | باقی | رونے پہ ہے اس خلق کی خلقت ہستی<br>ہوتا ہے نہ کوئی یہان شریک ہستی |

| | | |
|---|---|---|
| اے درد اگر محرم راز قدمے<br>اے ہیچ ترا باین خیالات چکار | درد | با شادی و غم چرا عبث متہمے<br>جائے کہ وجود نیست تو آنجا عدمے |
| باقی کیا جانتا ہے اسرار قدم<br>ای ہیچ تجھے کیا ہے تخیل سے کام | باقی | ہوتا ہے عبث متہم شادی و غم<br>جس جا کہ وجود ہی وہان تو ہی عدم |
| اے جلوہ بدیدہ یار خواہد گردید<br>ما آئینہ ایم خود پرستست نگار | درد | رازش ہمہ آشکار خواہد گردید<br>ناچار بما دوچار خواہد گردید |
| اک دن دیدار یار ہو جائیگا<br>مین آئینہ ہون نگار ہی حسن پرست | باقی | راز اُس کا خود آشکار ہو جائیگا<br>ناچار کبھی دوچار ہو جائیگا |
| ناچار اے درد درجہان باید زیست<br>مُردن بمراد خود میسر گر نیست | درد | ہر چند کہ شد ز زیست گران باید زیست<br>چندے بمراد دیگران باید زیست |
| باقی دنیا مین رائیگان جینا ہے<br>ہم اپنی مراد سے نہین مر سکتے | باقی | ہر چند ہے زندگی گران جینا ہی<br>اوروں کی مراد سے یہان جینا ہی |
| ہر چند کہ صد جلوہ نمود ست وجود<br>معلوم نہ گشت انکشافی کہ مراست | درد | واکردن چشم غیر حیرت نہ نمود<br>بکشود کہ وبر کہ کشاد وچہ کشود |

| | | |
|---|---|---|
| سو جلوے وجود نے دکہائی ہے یہان<br>مجہکو جو ہے انکشاف معلوم نہین | | حیرت کے سوا دیکہنے سے کیا ہو جہان<br>کس نے کہولا کیا کہلا ہے ہون حیران |
| جاہل طبعیم گرچہ با عرفانیم<br>حرف از نا دگر نیاید پرسید | درد | طفلیم ہنوز گو مطول خوانیم<br>ما می دانیم انچہ میدانیم |
| جاہل ہین معرفت کو پہچانتے ہین<br>ہے زنہار دوسری بات نہ پوچہہ ہم | باقی | ہین طفل مگر بہر ہین مانتے ہین<br>ہم جانتے ہین جو کچہ کہ ہم جانتے ہین |
| اے درد ازین بزم اگر باخبری<br>بر خویش چو شمع چشم بکشا کاینجا | درد | بیہودہ چرا ہر طرف می نگری<br>ہر چند ستادہ و لے میگزری |
| باقی اگر اس بزم سے تو ہے آگاہ<br>تو آپ کو مثل شمع کے دیکہہ یہان | باقی | کیون بیہودہ ہر طرف کو کرتا ہے نگاہ<br>ہر چند کہڑا ہوا ہے چلتا ہے تو راہ |
| تمیز کہ غیر نقش تشویش نہ بست<br>گفتم وحدت چسان بہ کثرت گنجد | درد | ہر لحظہ بہ نیرنگی رنگی پیوست<br>دل آمد و پیش رویم آئینہ شکست |
| اوہام نے ہوش کا جو رخ موڑ دیا<br>پوچہا یہ کہ وحدت ہوئی کثرت کیسی | باقی | نیرنگ کو لا کے رنگ سے جوڑ دیا<br>دل نے پیش آ کے آئینہ توڑ دیا |

| | | |
|---|---|---|
| ہر چند کہ اسفلیم لیک اعلائیم<br>جز نام دگر ز ما نیاید طلبید | درد | سنگیم ولے کعبہ پر بنائیم<br>مانند نگین جلوہ گہ اسمائیم |
| ہر چند کہ ادنی ہیں مگر اعلیٰ ہیں<br>ہم سے جز نام دوسری بات نہ پوچھ | باقی | پتھر ہیں مگر کعبہ میں یا برجا ہیں<br>مانند نگین جلوہ گہ اسما ہیں |
| باعث شدہ بر عروج ما پستی ما<br>آگاہ ز آگاہی خود ساختہ است | درد | ہشیاری ما فزود از ہستی ما<br>عارض شدہ غفلتے کہ بر ہستی ما |
| باعث ہے مرے عروج کا یہ پستی<br>ہستی پہ جو عارض ہوئی غفلت اوسنے | باقی | ہشیاری نے کی زیادہ میری مستی<br>آگاہ کیا سمجھا میں اپنی ہستی |
| چو آئینہ باید کہ مصفا باشی<br>اے درد اگر قریب خدا میخواہی | درد | تا مظہر نور حق تعالےٰ باشی<br>دور از خود و نزدیک بہ دلہا باشی |
| آئینہ صفت دلکو تو کرلے پر نور<br>اے باقی اگر حق سے ہے قربت منظور | باقی | تا تجھ میں ہو انوار الٰہی کا ظہور<br>نزدیک دلوں سے رہ او اپنے سے دور |
| چون دود نہ پیچد از چہ سودا بدماغ<br>رفتند بخواب اہل بزم و ما را | درد | گردست جگر غم احبا ہمہ داغ<br>باز ست ہنوز چشم مانند چراغ |

| | | |
|---|---|---|
| مانند وہ ہوین کے ہی جو سودا پہ داغ<br>سب سو گئے اہل بزم لیکن باقی | باقی | احباب کے غم سے ہے جگر میرا داغ<br>اتبک ہے کہلی ہی کہلی آنکہہ مری مثل چراغ |
| گرم سفرم زمنزلے میگویم<br>این قافلہ مست می بے دردی من | درد | افسانۂ شوق محملے میگویم<br>بانگ جرسم درد دلے میگویم |
| ہون گرم سفر کرتا ہون ذکر منزل<br>یہ قافلہ ہے مست مئی بے دردی | باقی | پڑہتا ہون مین افسانۂ شوق محمل<br>مین بانگ جرس ہون کہتا ہون درد دل |
| آن ذات غیور یار باخویشتن است<br>گنجایش غیر در حریمش نہ بود | درد | وان آئینہ رو دوچار باخویشتن است<br>اورا ہمہ کار و بار باخویشتن است |
| وہ ذات غیور یار اپنا ہی ہے<br>گنجایش غیر اسکی دم مین مشکل | باقی | آئینہ مین دوچار وہ اپنا ہی ہے<br>سب کرتا وہ کاروبار اپنا ہی ہے |
| تا کے بہ غم منضج و مسہل خوردن<br>ای درد اجل چو ہیچ کس را نگذاشت | درد | خود را ز تردد این ہمہ افسردن<br>بر زیستن این قدر نباید مردن |
| کب تک اس موت سے ہے ڈرنا باقی<br>چہوڑا نہ اجل نے جب کسیکو تو پہر | باقی | منضج مسہل کی فکر کرنا باقی<br>اس جینے پہ اسقدر نہ مرنا باقی |

| | | |
|---|---|---|
| نے آن کہ دعا ہیچ ندارد اثرے<br>مشروط بشرط این و آن نیست کہ ہست | درد | موقوف نہ زندگی بہ برگ و برے<br>نبض و مرض و شفا بدست دگرے |
| کیا کہیئے اثر نہیں دعا میں کیا بات<br>مشروط یہ شرط این وان پر کب ہے | باقی | کچھ اغذیہ پر نہیں ہے موقوف حیات<br>ہے نبض و مرض شفا کسی اور کے ہاتھ |
| فریاد کہ حسن بے حجاب او را<br>صد جلوہ نمود یار ما بے خبران | درد | در پردہ نہفت پردہ کوری ما<br>افسوس نداشتیم چشم بینا |
| فریاد کہ بے حجاب تھا حسن اوسکا<br>ہم بے خبر اوس نے سو دکھائی جلوے | باقی | پردے میں ہماری کوری سے چھپا<br>افسوس نہیں رکھتے تھے چشم بینا |
| در قسمت من نیست چو معدومی بس<br>آبم نہ نشاند چون گہر گردی را | درد | آثار وجود چون توان کرد ہوس<br>چون لعل ز آتشم نمیسوزد خس |
| قسمت میں ہمارے ہے یہ معدومی بس<br>موتی کیطرح پانی نے بٹھلائی نہ گرد | باقی | آثار وجود کی کرین خاک ہوس<br>اور آگ نے مثل لعل پھونکی نہیں خس |
| اے درد دلے کہ راز حق را فہمید<br>عارف دانست انچہ عارف دانست | درد | ہر بحث ہمان بحث ہیولے افہمید<br>ملا فہمید انچہ ملا فہمید |

| | | |
|---|---|---|
| باقی جس دل نے رازِ حق کا سمجھا<br>عارف جو جانا اُسکو عارف جانا | باقی | ہر بحث کو بیں وہ بحث مولے سمجھا<br>ملا جو سمجھا اُسکو ملا سمجھا |
| گا ہے خلش غرور باشد مارا<br>ما ہیچ نئیم درد وہم ہستی | درد | گہ ناخنِ عجز سینہ خراشد مارا<br>ہر لحظہ صورتے تراشد مارا |
| گا ہے خلش غرور ہستی ہی فاش<br>ہیں کچھ نہیں باقی ہوں مگر میرا وہم | باقی | گہ ناخن عجز مجھکو دیتا ہی خراش<br>ہر لحظہ ہی شکل کی کرتا ہی تراش |
| یارب چہ زبان کارم و گویم کہ بہ بخش<br>دارم چو محمدی شفیع محشر | درد | بارے زگنہ دارم و گویم کہ بہ بخش<br>صد تودہ گنہ آرم و گویم کہ بہ بخش |
| کتنا ہیں زیان کار ہوں اور منہ ہی سیاہ<br>رکھتا ہوں محمد سا شفیع محشر | باقی | ہے بار گنہ بخش تو میرے اللہ<br>تو بخش ہیں لایا ہوں یہ سو تودے گناہ |
| ہر چند کہ من دلے فضولی دارم<br>با این ہمہ اے رحمتِ بیعلتِ حق | درد | فہمید کج و طبع جہولی دارم<br>از درگہت امید قبولی دارم |
| افعال ترے ہیں گرچہ بیہودہ فضول<br>ای رحمت بے علت حق ساتھہ اسکے | باقی | تیڑھی ہی سمجھ مری اور طبع جہول<br>درگاہ سے تری رکھتا ہوں امید قبول |

| | | |
|---|---|---|
| این شعبدہ ہا کہ رو نماید ہمہ<br>ترک ہمہ اختیار باید کردن | درد | زشتند ولے نکو نماید ہمہ<br>زان پیش کہ ترک تو نماید ہمہ |
| یہ شعبدے جو شکل دکھاتے ہیں سب<br>ان سب کو تو چھوڑ دے یہاں آ باقی | باقی | گو زشت ہیں اچھے نظر آتے ہیں سب<br>چھوڑینگے تجھے. ساتھ کب آتے ہیں |
| انسان کہ حباب و حباب عالمیست<br>در بزم خیال او کہ زشک خلد است | درد | اے درد عجب گر فارغ بالیست<br>چو آئینہ جائے ہر کہ آید خالیست |
| انسان کی حباب ہی حباب والا<br>بزم دل میں جو اس کے آجاتا ہے | باقی | اس کی درگاہ میں فراغت ہی سدا<br>آئینہ کی طرح اسکی خالی ہے جا |
| چشم گرد دیدن فانوس خود است<br>در بزم ظہور بے سبب ماندہ ام | درد | گوشم ہمہ بر صدائے ناقوس خود است<br>چون شمع مرا سر قدمبوس خود است |
| میں نور فزا اپنے ہی فانوس کا ہوں<br>اس بزم ظہور میں ہوں مانند شمع | باقی | عاشق اپنے صدائے ناقوس کا ہوں<br>مشتاق ہیں اپنے ہی قدمبوس کا ہوں |
| گاہے طرف شادی بیہودہ شدیم<br>گلگشت گلستان تجاہل کردیم | درد | گہ با غم بیفائدہ آلودہ شدیم<br>از گردش رنگ خویش فرسودہ شدیم |

| | | |
|---|---|---|
| رہتے ہیں کبھی خوشی سے آسودہ ہم<br>گلگشت گلشن تجاہل کرکے | باقی | ہوتے ہیں کبھی غم سے غم آلودہ ہم<br>اس گردش رنگ سے ہیں فرسودہ ہم |
| گہ در طلب کمال علم و ہنریم<br>داریم ہجوم بر لب بہر خیالی | درد | گاہے ز رہ بیہودگی در بدریم<br>ہستی پل بستہ از تو ما می گذریم |
| ہم علم و ہنر کے گہ طلبگار ہوئے<br>دریا کے خیال پر کیا ہمنے ہجوم | باقی | گاہے بیہودہ در بدر خوار ہوئے<br>ہستی پل باندھا تجھ سے ہم پار ہوئے |
| ہستی کہ وبال گردن آمد چون دین<br>اے پیش و پس تو ہیچ چشمی بکشا | درد | ہنگامہ وہم ست گو غیر و چہ عین<br>گر واقفی از وجود بین العدمین |
| ہستی کہ وبال جان ہے مانند دین<br>کچھ بھی نہیں پیش و پس کی آنکھیں تو کھول | باقی | ہے وہم کا ہنگامہ نہ ہے غیر نہ عین<br>گر جانتا ہے وجود بین العدمین |
| ہر صبح چو صبح سینہ شق باید کرد<br>بر ہستی بے ثبات مثل شبنم | درد | ہر شام جگر خون چو شفق باید کرد<br>سر تا قدم از شرم عرق باید کرد |
| ہر صبح کو کر صبح صفت سینہ کو شق<br>اس ہستی بے ثبات پر شبنم وار | باقی | ہر شام جگر کو خون کر مثل شفق<br>باقی ہمہ تن شرم سے ہو جا تو عرق |

| | | |
|---|---|---|
| فرمود چنین حضرت حی قیوم<br>ہشدار کہ در عالم کثرت ہرگز | درد | در گوش دلم کہ اے طلسم موہوم<br>تا من ہستم تو ہم نگردی معدوم |
| فرماتا ہے گوش دل مین حی قیوم<br>رکہیہ ہوش کہ اس عالم کثرت مین تو | باقی | سن لے تو یہ اسرار طلسم موہوم<br>جبتک کہ مین ہون نہوگا ہرگز معدوم |
| ما صاف دلان نہ ہاے دہوے داریم<br>جز جلوہ او ز ما نہ باید طلبید | درد | نے بحث بہ کس نہ گفتگوئی داریم<br>ما آئینہ ایم عکس روے داریم |
| ہم صاف دلونکو لطف کیا ہاہو کا<br>جز جلوہ یار ہم سے کچہ بات نہ پوچہہ | باقی | اور ہم کو کہان دماغ گفتگو کا<br>ہم آئینہ ہین ہم مین ہے عکس اوس رو کا |
| یک عمر ز دور می شنیدم او را<br>اکنون کہ چون آئینہ رسیدم پیشش | درد | در بر بخیال می کشیدم او را<br>خود را او دید من نہ دیدم او را |
| اک عمر مین دور سے سنا تہا اوسکو<br>اب روبرو ہو گیا جو آئینہ کی طرح | باقی | آغوش خیال مین لیا تہا اوسکو<br>وہ دیکھہ لیا مین نے نہ دیکھا اوسکو |
| ہر خلق در واہمہ بازارست اینجا<br>ہرچند کہ تار زندگی کوتاہ ست | درد | ہنگامہ غفلت است وا زست اینجا<br>عمر طول امل دراز ست اینجا |

| | | |
|---|---|---|
| دنیا میں ہے غفلت یہ در وا ہمہ باز<br>ہر چند کہ تار زندگی ہے کوتاہ | باقی | ہنگامہ ہے غفلت کا یہاں اوج پہ آز<br>لیکن طول اس کی ہے عمر دراز |
| اے آنکہ ہمیشہ در خیال اوئی<br>از خود طلب آن ہمہ کمال اورا | درد | یا طالب دولت وصال اوئی<br>چون آئینہ مظہر جمال اوئی |
| ہر چند کہ ترے دل میں خیال اوسکا ہے<br>پیدا کر لے کمال پھر آئینہ سا | باقی | ہر شام و سحر شوق وصال اوسکا ہے<br>یہ دل تیرا مظہر جمال اوسکا ہے |
| خمار خمار گر ز صہبا بشکست<br>این ہا ہمہ بندہ ہوائے نفسند | درد | در محتسب از غرور مینا بشکست<br>من بندہ آن کسم کہ خود را بشکست |
| خمار نے گر خمار اپنا توڑا<br>یہ بندے ہیں سب اپنے نفس کے باقی | باقی | نخوت سے جو محتسب نے مینا توڑا<br>میں بندہ ہوں اوسکا جس نے نفس اپنا توڑا |
| نے جام و نہ مینا و نہ ساقی نے گل<br>ہنگامہ ہستی است چہ حسن وچہ عشق | درد | نے مطرب نے نغمہ نہ چنگ و نہ دہل<br>نے شمع نہ پروانہ نہ گل نے بلبل |
| مینا ہے نہ جام ہے نہ ساقی ہے نہ گل<br>ہنگامہ ہستی ہے یہ حسن اور یہ عشق | باقی | مطرب ہے نہ نغمہ ہے نہ ہے چنگ دہل<br>نے شمع نہ پروانہ نہ گل ہے بلبل |